# اتوار 7 جون ،2026

## مضمون۔ خدا واحد وجہ اور خالق

### سنہری متن: یوحنا 1 باب 1 آیت

---

”ابتدا میں کلام تھا اور کلام خدا کے ساتھ تھا اور کلام خدا تھا۔“

---

### جوابی مطالعہ: زبور 24: 1 تا 5، 7 تا 10 آیات

1۔ زمین اور اُس کی معموری خداوند ہی کی ہے۔ جہان اور اُس کے باشندے بھی۔

2۔ کیونکہ اُس نے سمندروں پر اُس کی بنیاد رکھی اور سیلابوں پر اُسے قائم کیا۔

3۔ خداوند کے پہاڑ پر کون چڑھے گا اور اُس کے مقدس مقام پر کون کھڑا ہو گا۔

4۔ وہی جس کے ہاتھ صاف ہیں اور جس کا دل پاک ہے۔ جس نے بطالت پر دل نہیں لگایا اور مکر سے قسم نہیں کھائی۔

5۔ وہ خداوند اپنے خدا سے برکت پائے گا۔ ہاں اپنے نجات دینے والے کی طرف سے صداقت۔

7۔ اے پھاٹکو! اپنے سر بلند کرو۔ اے ابدی دروازو! اونچے ہو جاؤ اور جلال کا بادشاہ داخل ہو گا۔

8۔ یہ جلال کا بادشاہ کون ہے؟ خداوند جو قوی اور قادر ہے۔ خداوند جو جنگ میں زور آور ہے۔

9۔ اے پھاٹکو! اپنے سر بلند کرو۔ اے ابدی دروازو! اونچے ہو جاؤ اور جلال کا بادشاہ داخل ہو گا۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

10۔ یہ جلال کا بادشاہ کون ہے؟لشکروں کا خداوند۔ وہی جلال کا بادشاہ ہے۔

## درسی وعظ

# بائبل میں سے

### 1۔ یسعیاہ40باب10(تا:)آیت

10۔ دیکھو خداوند خدا بڑی قدرت کے ساتھ آئے گا اور اس کا بازو اُس کے لئے سلطنت کرے گا۔

### 2۔ خروج15باب1(تا؛)،4(تا:)،7(تا:)،8(تادوسری،)،9،10(تا:)،13،22(تاپہلی،)آیات

1۔اور یوں کہنے لگے: میں خداوند کی ثنا گاؤں گا کیونکہ وہ جلال کے ساتھ فتح مند ہوا۔اُس نے گھوڑے کو سوار سمیت سمندر میں ڈال دیا خداوند میرا زور اور راگ ہے۔ وہی میری نجات بھی ٹھہرا۔

4۔ فرعون کے رتھوں اور لشکر کو اس نے سمندر میں ڈال دیا۔

7۔ تُو اپنی عظمت کے زور سے اپنے مخالفوں کو تہ و بالا کرتا ہے۔

8۔ تیرے نتھنوں کے دم سے پانی کا ڈھیر لگ گیا سیلاب تودے کی طرح سیدھے کھڑے ہو گئے۔

9۔ دشمن نے تو یہ کہا تھا میں پیچھا کروں گا۔ میں جا پکڑوں گا میں لوٹ کا مال تقسیم کروں گا۔ ان کی تباہی سے میرا کلیجہ ٹھنڈا ہو گا۔ میں اپنی تلوار کھینچ کر اپنے ہی ہاتھ سے اُن کو ہلاک کروں گا۔

---

10۔ تُو نے اپنی آندھی کی پھونک ماری تو سمندر نے اُن کو چھپا لیا۔

13۔ اپنی رحمت سے تُو اُن لوگوں کی جن کو تُو نے خلاصی بخشی راہنمائی کی۔ اور اپنے زور سے تُو اُن کو اپنے مقدس مکان کو لے چلا ہے۔

22۔ پھر موسیٰ بنی اسرائیل کو بحرِ قلزم سے آگے لے گیا۔

## 3۔ خروج 20 باب 2 آیت

2۔ خداوند تیرا خدا جو تجھے ملک مصر سے غلامی کے گھر سے نکال لایا میں ہوں۔

## 4۔ خروج 17 باب 1 تا 7 آیات

1۔ پھر بنی اسرائیل کی ساری جماعت نسین کے بیابان سے چلی اور خداوند کے حکم کے مطابق سفر کرتی ہوئی رفیدیم میں آکر ڈیرا کیا۔ وہاں اُن لوگوں کو پینے کا پانی نہ ملا۔

2۔ وہاں وہ لوگ موسیٰ سے جھگڑا کر کے کہنے لگے کہ ہم کو پینے کو پانی دے۔ موسیٰ نے اُن سے کہا تم مجھ سے کیوں جھگڑتے ہو اور خداوند کو کیوں آزماتے ہو؟

3۔ وہاں اُن لوگوں کو بڑی پیاس لگی۔ سو وہ لوگ موسیٰ پر بڑبڑانے لگے اور کہا کہ تم ہم کو اور ہمارے بچوں اور چوپائیوں کو پیاسا مرنے کیلئے ہم لوگوں کو کیوں ملک مصر سے نکال لایا؟

4۔ موسیٰ نے خداوند سے فریاد کر کے کہا میں اِن لوگوں سے کیا کروں؟ وہ سب تو ابھی مجھے سنگسار کرنے کو تیار ہیں۔

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

5۔ خداوند نے موسیٰ سے کہا کہ لوگوں کے آگے ہو کر چل اور بنی اسرائیل کے بزرگوں میں سے چند کو اپنے ساتھ لے لے اور جس لاٹھی سے تُو نے دریا پر مارا تھا اُسے اپنے ہاتھ میں لیتا جا۔

6۔ دیکھ میں تیرے آگے جا کر وہاں حوریب کی ایک چٹان پر کھڑا رہوں گا اور تُو اُس چٹان پر مارنا تو اُس میں سے پانی نکلے گا کہ یہ لوگ پئیں۔ چنانچہ موسیٰ نے بنی اسرائیل کے بزرگوں کے سامنے یہی کیا۔

7۔ اور اُس نے اُس جگہ کا نام مسہ اور مریبہ رکھا کیونکہ بنی اسرائیل نے وہاں جھگڑا کیا اور یہ کہہ کر خداوند کا امتحان کیا کہ خداوند ہمارے بیچ میں ہے یا نہیں۔

## 5۔ خروج 20 باب 3 آیت

3۔ میرے حضور تُو غیر معبودوں کو نہ ماننا۔

## 6۔ لوقا 4 باب 14 (تا:) آیت

14۔ پھر یسوع روح کی قوت سے بھرا ہوا گلیل کو لوٹا۔

## 7۔ متی 4 باب 24 آیت

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

24۔اور اُس کی شہرت تمام سوریہ میں پھیل گئی اور لوگ سب بیماروں کو جو طرح طرح کی بیماریوں اور تکلیفوں میں گرفتار تھے اور اُن کو جن میں بدروحیں تھیں اور مرگی والوں اور مفلوجوں کو اُس کے پاس لائے اور اُس نے اُن کو اچھا کیا۔

## 8۔ متی 8 باب 2 تا 4 آیات

2۔اور دیکھو ایک کوڑھی نے پاس آکر اُسے سجدہ کیا اور کہا اے خداوند! اگر تُو چاہے تو مجھے پاک صاف کر سکتا ہے۔

3۔اُس نے ہاتھ بڑھا کر اُسے چھوا اور کہا میں چاہتا ہوں کہ تُو پاک صاف ہو جا۔ وہ فوراً پاک صاف ہو گیا۔

4۔یسوع نے اُس سے کہا خبردار کسی سے نہ کہنا بلکہ جا کر اپنے تئیں کاہن کو دکھا اور جو نذر موسیٰ نے مقرر کی ہے اُسے گذران تا کہ اُن کے لئے گواہی ہو۔

## 9۔ متی 17 باب 1 تا 9، 14 تا 20 آیات

1۔ چھ دن کے بعد یسوع نے پطرس اور یعقوب اور اُس کے بھائی یوحنا کو ہمراہ لیا اور اُنہیں ایک اونچے پہاڑ پر الگ لے گیا۔

2۔اور اُن کے سامنے اُس کی صورت بدل گئی اور اُس کا چہرہ سورج کی مانند چمکا اور اُس کی پوشاک نور کی مانند سفید ہو گئی۔

3۔اور دیکھو موسیٰ اور ایلیاہ اُس کے ساتھ باتیں کرتے ہوئے اُنہیں دکھائی دیئے۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

4۔ پطرس نے یسوع سے کہا اے خداوند ہمارا یہاں رہنا اچھا ہے۔ مرضی ہو تو میں یہاں تین ڈیرے بناؤں۔ ایک تیرے لئے۔ ایک موسیٰ کے لئے اور ایک ایلیاہ کے لئے۔

5۔ وہ یہ کہہ ہی رہا تھا کہ دیکھو ایک نورانی بادل نے اُن پر سایہ کر لیا اور اُس بادل میں سے آواز آئی کہ یہ میرا پیارا بیٹا ہے جس سے میں خوش ہوں اِس کی سنو۔

6۔ شاگرد یہ سن کر منہ کے بل گرے اور بہت ڈر گئے۔

7۔ یسوع نے پاس آ کر اُنہیں چھوا اور کہا اُٹھو۔ ڈرو مت۔

8۔ جب اُنہوں نے اپنی آنکھیں اُٹھائیں تو یسوع کے سوا اور کسی کو نہ دیکھا۔

9۔ جب وہ پہاڑ سے اُتر رہے تھے تو یسوع نے اُنہیں یہ حکم دیا کہ جب تک ابنِ آدم مردوں میں سے نہ جی اٹھے جو کچھ تم نے دیکھا ہے کسی سے اِس کا ذکر نہ کرنا۔

14۔ اور جب وہ بھیڑ کے پاس پہنچے تو ایک آدمی اُس کے پاس آیا اور اُس کے آگے گھٹنے ٹیک کر کہنے لگا۔

15۔ اے خداوند میرے بیٹے پر رحم کر کیونکہ اُس کو مرگی آتی ہے اور وہ بہت دُکھ اٹھاتا ہے۔ اِس لئے کہ اکثر آگ اور گرمی میں گر پڑتا ہے۔

16۔ اور میں اُس کو تیرے شاگردوں کے پاس لایا تھا مگر وہ اُسے اچھا نہ کر سکے۔

17۔ یسوع نے جواب میں کہا اے بے اعتقاد اور کج رو نسل میں کب تک تمہارے ساتھ رہوں گا؟ کب تک تمہاری برداشت کروں گا؟ اُسے یہاں میرے پاس لاؤ۔

18۔ یسوع نے اُسے جھڑکا اور بدروح اُس میں سے نکل گئی اور وہ لڑکا اُسی گھڑی اچھا ہو گیا۔

19۔ تب شاگردوں نے یسوع کے پاس آ کر خلوت میں کہا ہم اِس کو کیوں نہ نکال سکے؟

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

20۔اُس نے اُن سے کہا اپنے ایمان کی کمی کے سبب سے کیونکہ میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ اگر تم میں رائی کے
دانے کے برابر بھی ایمان ہوگا تو اِس پہاڑ سے کہہ سکو گے کہ یہاں سے سرک کر وہاں چلا جا اور وہ چلا جائے گا اور
کوئی بات تمہارے لئے ناممکن نہ ہوگی۔

## 10۔ یوحنا14باب12آیت

12۔ میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ جو مجھ پر ایمان رکھتا ہے یہ کام جو میں کرتا ہوں وہ بھی کرے گا بلکہ اِن سے بھی
بڑے کام کرے گا کیونکہ میں باپ کے پاس جاتا ہوں۔

## 11۔ یوحنا14باب10(باپ کہ)آیت

10۔۔۔باپ مجھ میں رہ کر کام کرتا ہے۔

# سائنس اور صحت

## 1۔ 27-5:502

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی
کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

تخلیقی اصول، زندگی، سچائی اور محبت، خدا ہے۔ کائنات خدا کی عکاسی کرتی ہے۔ ایک خالق اور ایک تخلیق کے سوا اور کوئی نہیں۔ یہ تخلیق روحانی خیالات اور اُن کی شناختوں کے ایاں ہونے پر مشتمل ہے، جو لامحدود عقل کے دامن سے جڑے ہیں اور ہمیشہ منعکس ہوتے ہیں۔ یہ خیالات محدود سے لامحدود تک وسیع ہیں اور بلند ترین خیالات خدا کے بیٹے اور بیٹیاں ہیں۔

2۔ 280: 17۔19

موسیٰ نے یہوواہ کے دس میں سے پہلے حکم کے طور پر یہ کہا: ”میرے حضور تُو غیر معبودوں کو نہ ماننا۔“

3۔ 255: 6۔15

تخلیق سے متعلق افسانوی انسانی نظریات، پرانے وقتوں میں جن کی درجہ بندی اعلیٰ تنقید کے طور پر ہوتی تھی، اُن کا جنم روم اور یونان کے متمدن علماء سے ہوا، مگر وہ الٰہی عقل کی بنائی ہوئی تخلیق کے بارے میں درست خیالات کی کوئی بنیاد نہیں رکھتے تھے۔

فانی انسان نے اپنی آنکھوں سے ایک عہد باندھ رکھا ہے کہ وہ انسانی تصورات کے ذریعے خدا کو حقیر سمجھے۔ مادی حواس کے ساتھ، بشر ہر چیز کے بارے میں محدود نظریہ رکھتا ہے۔ یہ کہ خدا جسمانی یا مادی ہے، کسی آدمی کو اس بات کی تصدیق نہیں کرنی چاہیے۔

## 4۔ 13-1:501

صحائف کی سائنسی تشریح کی درست طور پر شروعات پرانے عہد نامہ کی ابتدا سے ہوتی ہے، خصوصاًاِس لئے کہ کلام کی روحانی آمد،اِس کے ابتدائی بیانات میں، اکثر اوقات فوری سیاق وسباق سے اِس قدر دھندلی سی لگتی ہے کہ اِس کی وضاحت کی ضرورت پڑتی ہے؛ جبکہ نئے عہد نامہ کی کہانیاں زیادہ واضح اور دل کے قریب سمجھی جاتی ہیں۔ یسوع اِنہیں منور کرتا ہے، فانی وجود کی کمتری کو ظاہر کرتے ہوئے، لیکن روحانی منافع کے ساتھ انسانی خواہش اور دُکھ کا بھرپور مداوا کرتے ہوئے۔

حق کا مجسم، حیرت اور جلال کی ایسی شدت فرشتے جس کی صرف سر گوشی کر سکے اور جسے خدا نے نور اور ہم آہنگی کے وسیلہ ظاہر کیا، ازل سے موجود محبت سے ہم آہنگ ہے۔

## 5۔ 32-26:135

مسیحت جیسے کہ یسوع نے تعلیم دی تھی کہ یہ کوئی عقیدہ نہیں تھا، نہ ہی رسومات کا ایک نظام، نہ ہی ایک روایتی یہواہ کی طرف سے دیا گیا کوئی تحفہ تھا؛ بلکہ یہ غلطی کو باہر نکالنے اور بیمار کو شفا دینے والی الٰہی محبت کا اظہار تھا، جو محض سچائی یا مسیح کے نام پر نہیں تھا، بلکہ سچائی کے اظہار پر تھا، جیسے کہ الٰہی نور کے سلسلہ جات کے معاملے میں پایا جانا چاہئے۔

## 6۔ 29-7:6

کئی لوگ یہ مانتے ہیں کہ ایک عدالت کا حاکم جو یسوع کے زمانے میں رہتا تھا اُس نے یہ بیان دیا تھا: ”اُس کی ملامت خوفناک ہے۔“ ہمارے مالک کی سخت زبان اس بیان کی تصدیق کرتی ہے۔

غلطی کے لئے جو واحد سزائے موت اُس نے دی وہ تھی، ”اے شیطان، میرے سامنے سے دور ہو۔“ اس بات کی مزید تصدیق کہ یسوع کی سرزنش بہت نوکیلی اور چُبھنے والی تھی اُس کے اپنے الفاظ میں پائی جاتی ہے، اس قدر شدید بیان کو ضروری ثابت کرتے ہوئے، جب اُس نے بدروحوں کو نکالا اور بیمار اور گناہگار کو شفا دی۔ غلطی کی دستبرداری مادی فہم کو اِس کے جھوٹے دعووں سے محروم کرتی ہے۔

## 7۔ 133:8۔10، 13۔15

مصر میں، یہ عقل ہی تھی جس نے اسرائیلیوں کو وباؤں پر یقین کرنے سے بچایا۔ بیابان میں، چٹان سے چشمے پھوٹے اور من آسمان سے برسا۔۔۔ قومی خوشحالی میں، معجزات نے عبرانیوں کو فتح یابی دلائی؛ مگر جونہی وہ حقیقی خیال سے دور ہٹے اُن کی بربادی کا آغاز ہو گیا۔

## 8۔ 469:13(دی)۔20

غلطی کو نیست کرنے والی اعلیٰ سچائی خدا یعنی اچھائی واحد عقل ہے اور یہ کہ لامحدود عقل کی جعلی مخالف، جسے شیطان یا بدی کہا جاتا ہے، عقل نہیں، سچائی نہیں بلکہ غلطی ہے، جو حقیقت اور ذہانت سے عاری ہے۔ یہاں صرف ایک عقل ہو سکتی ہے کیونکہ خدا صرف ایک ہے؛ اور اگر بشر نے کسی اور عقل کا دعویٰ نہیں کیا اور کسی اور کو قبول نہیں کیا تو گناہ گمنام ہو گا۔

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کُنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

## 9۔ 8-5:508

واحد ذہانت یا سوچ کا مواد، ایک بیج یا ایک پھول خدا ہے، جو اس کا خالق ہے۔ عقل سب کی روح ہے۔ عقل وہ زندگی، سچائی اور محبت ہے جو سب پر حکومت کرتی ہے۔

## 10۔ 11:135 صرف، 15-20

وہی طاقت جو گناہ سے شفا دیتی ہے وہ بیماری سے بھی شفا دیتی ہے۔۔۔ جب مسیح نے گونگی بد روح کو باہر نکالا، ''اور جب وہ بد روح نکل گئی تو ایسا ہوا کہ گونگا بولا۔'' اسرائیل کے مقدس کو محدود کرتے ہوئے اور یہ پوچھتے ہوئے یہودیوں کے جرم کو دوہرانا آج خطرناک ہے کہ: ''کیا خدا بیابان میں دستر خوان بچھا سکتا ہے؟'' خدا کیا نہیں کر سکتا؟

## 11۔ 28-10:134

یہاں مادے کے مقابلے میں روحانی قدرت کی برتری پر یقین رکھنے کا الٰہی اختیار ہے۔

ایک معجزہ خدا کے قانون کو پورا کرتا ہے، لیکن اُس قانون کو توڑتا نہیں۔ یہ حقیقت خود معجزے کی نسبت زیادہ پُر اسرار لگتی ہے۔ زبور نویس نے یہ گایا: ''اے سمندر تجھے کیا ہوا کہ تُو بھاگتا ہے؟ اے یردن! تجھے کیا ہوا کہ تو

پیچھے ہٹتا ہے ؟اَے پہاڑو! تمکو کیاہوا کہ تُم مینڈھوں کی طرح اچھلتے ہو ؟اے پہاڑیو! تمکو کیاہوا کہ تُم بھیڑ کے بچوں کی طرح کودتی ہو ؟اَے زمین تُو رب کے حضور۔یعقوب کے خدا کے حضور تھر تھرا۔'' یہ معجزہ کوئی اختلاف متعارف نہیں کراتا، بلکہ خدا کے ناقابل تبدیل قانون کی سائنس کو قائم کرتے ہوئے بنیادی ترتیب کو واضح کرتا ہے۔ صرف روحانی ارتقاء ہی الٰہی قوت کی مشق کرنے کے قابل ہے۔

## 12۔ 151:23۔30

وہ الٰہی فہم جس نے انسان کو خلق کیا اپنی صورت اور شبیہ کو برقرار رکھتا ہے۔انسانی عقل خدا کے مخالف ہے اور اِسے ختم ہونا چاہئے، جیسے کہ پولوس رسول واضح کرتا ہے۔ جو وجود رکھتا ہے وہ محض الٰہی فہم اور اُس کا خیال ہے، اسی فہم میں ساری ہستی ہم آہنگ اور ابدی پائی جاتی ہے۔ سیدھا یا تنگ راستہ اس حقیقت کو دیکھنے اور تسلیم کرنے، اس قوت کو قبول کرنے اور سچائی کی راہوں کی پیروی کرنے کے لئے ہے۔

## 13۔ 290:1۔2

زندگی ہمیشہ کا ''میں ہوں''، یعنی وہ ہستی جو تھا اور جو ہے اور جو آنے والا ہے، جسے کوئی چیز بھی ختم نہیں کر سکتی۔

## 14۔ 566:1۔9

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

جیسے بنی اسرائیل کو بحرِ قلزم، انسانی خوف کے تاریک اتار چڑھاؤ، سے گزرتے ہوئے فتح مندی کے ساتھ ہدایت ملی، جیسے اُنہیں بیابان میں، انسانی امیدوں کے بڑے صحرا میں تکالیف کے ساتھ گزرتے ہوئے، اور وعدہ کی ہوئی خوشی کی توقع لگائے ہوئے، راہنمائی ملی، اسی طرح سمجھ سے روح تک، وجودیت کے مادی فہم سے روحانی فہم تک کے سفر کے دوران روحانی خیال تمام تر جائز خواہشات کی راہنمائی کرے گا اور اُن سب کو جلال کے لئے تیار کرے گا جو خدا سے محبت رکھتے ہیں۔

# روزمرہ کے فرائض

منجاب میری بیکر ایڈی

## روزمرہ کی دعا

اس چرچ کے ہر رکن کا یہ فرض ہے کہ ہر روز یہ دعا کرے: ''تیری بادشاہی آئے؛'' الٰہی حق، زندگی اور محبت کی سلطنت مجھ میں قائم ہو، اور سب گناہ مجھ سے خارج ہو جائیں؛ اور تیرا کلام سب انسانوں کی محبت کو وافر کرے، اور اُن پر حکومت کرے۔

*چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 4۔*

## مقاصد اور اعمال کا ایک اصول

نہ کوئی مخالفت نہ ہی کوئی محض ذاتی وابستگی مادری چرچ کے کسی رکن کے مقاصد یا اعمال پر اثر انداز ہونے چاہئیں۔ سائنس میں، صرف الٰہی محبت حکومت کرتی ہے، اور ایک مسیحی سائنسدان گناہ کو رد کرنے سے، حقیقی بھائی چارے، خیرات پسندی اور معافی سے محبت کی شیریں آسائشوں کی عکاسی کرتا ہے۔ اس چرچ کے تمام اراکین کو سب گناہوں سے، غلط قسم

*بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔*

کی پیشن گوئیوں، منصفیوں، مذمتوں، اصلاحوں، غلط تاثرات کو لینے اور غلط متاثر ہونے سے آزاد رہنے کے لئے روزانہ خیال رکھنا چاہئے اور دعا کرنی چاہئے۔

*چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 1۔*

# فرض کے لئے چوکسی

اس چرچ کے ہر رکن کا یہ فرض ہے کہ وہ ہر روز جارحانہ ذہنی آراء کے خلاف خود کو تیار رکھے، اور خدا اور اپنے قائد اور انسانوں کے لئے اپنے فرائض کو نہ کبھی بھولے اور نہ کبھی نظر انداز کرے۔ اس کے کاموں کے باعث اس کا انصاف ہوگا، وہ بے قصور یا قصوار ہوگا۔

*چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 6۔*

بائبل کا یہ سبق پلیین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔